سوال

(77) رسول اللہ ﷺ کی جنوں سے ملاقات

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا یہ ثابت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے جنوں کے ساتھ ملاقات فرمائی تھی ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!
الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہاں یہ صحیح حدیث سے ثابت ہے رسول اللہ ﷺ نے اس ملاقات کے بارے میں صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم اجمعین کو بھی بتایا انہیں ان کے آثار بھی دکھائے چنانچہ تفسیر ابن کثیر میں ملاحظہ فرمائیے سورہ احقاف کی آیت کریمہ "

وَإِذْ صَرَفْنَا إِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُونَ الْقُرْآنَ فَلَمَّا حَضَرُوهُ قَالُوا أَنصِتُوا فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا إِلَىٰ قَوْمِهِم مُّنذِرِينَ ٢٩ ... سورة الاحقاف

''اور جب ہم نے جنوں میں سے کئی شخص تمہاری طرف متوجہ کیے کہ قرآن سنیں۔۔۔''

کی تفسیر نیز سورۃ الرحمٰن اور سورہ الجن کی تفسیر میں آپ کو اس مفصل سوال کا جواب مل جائے گا۔

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

فتاوی بن باز رحمہ اللہ

جلد دوم